## مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کو پاکستان کا وزیر اعظم منتخب ہونے پر الطاف حسین کی مبارکباد
## امید ہے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے ۔ الطاف حسین

لندن ۔۔۔24 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کو پاکستان کا وزیر اعظم منتخب ہونے پر اپنی ،متحدہ قومی موومنٹ کے تمام رہنماؤں ، کارکنوں اورعوام کی جانب سے دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے ۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کے وزیر اعظم منتخب ہونے پر پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری ،شریک چیئر مین آصف علی زرداری ،پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو بھی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم مخدوم سید یوسف رضا گیلانی جمہوری اقدار کے فروغ ،عوام کے مسائل کے حل ،ملک سے غربت وبیروزگاری ،دہشت گردی اورانتہا پسندی کے خاتمہ ،ملک کو سیاسی ومعاشی طور پر مستحکم کرنے ،آئین وقانون کی بالادستی اور ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے ملکر نمٹا جاسکے ۔

## پیپلز پارٹی کے شریک چیئر مین آصف علی زرداری کی ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے فون پر گفتگو
## مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کی غیر مشروط حمایت کرنے اورانہیں ووٹ دینے پر شکریہ ادا کیا

لندن ۔۔۔24 مارچ 2008ء

پیپلز پارٹی کے شریک چیئر مین آصف علی زرداری نے آج ایم کیو ایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کر کے وزیر اعظم کے انتخاب میں پیپلز پارٹی کے رہنما مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کی غیر مشروط حمایت کرنے اورانہیں ووٹ دینے پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا ۔ جناب الطاف حسین نے آصف علی زرداری ،پیپلز پارٹی کے چیئر مین بلاول بھٹو زرداری ،پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں کو مخدوم سید یوسف رضا گیلانی کو پاکستان کا وزیر اعظم منتخب ہونے پر دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ۔آصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ہم ملک وقوم اورجمہوریت کے مفاد میں سب کو ساتھ لیکر چلیں گے ۔

## اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن میر ہمایوں زیدی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔24 مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن میر ہمایوں علی زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## میر ہمایوں زیدی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور ایم کیو ایم کے دیگر شعبہ جات کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔24، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اندرون سندھ کمیٹی کے رکن میر ہمایوں زیدی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل کا حوصلہ دے۔( آمین ) دریں اثناء ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی سمیت تمام ونگرز اور نائن زیرو پر تنظیمی خدمات انجام دینے والے تمام کارکنان نے بھی ایم کیو ایم کے دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران نے بھی ہمایوں علی زیدی کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## ظفر مسیح اور عارف مسیح کا بہیمانہ قتل کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش ہے، رابطہ کمیٹی قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے

کراچی ۔۔۔24، مارچ 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر کے علاقے بھٹائی آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے ہاتھوں ایم کیو ایم اقلیتی امور کمیٹی کے کارکن ظفر مسیح اوران کے بھائی عارف مسیح کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اتوار کی شب بھٹائی آباد میں علاقے کرسچین آبادی کے رہائشی اور ایم کیو ایم کی اقلیتی امور کمیٹی یونٹ C کے کارکن ظفر مسیح اپنے دو بھائی عارف مسیح اور ناصر مسیح کے ہمراہ جارہے تھے کہ رمضان خان نامی علاقے کے جرائم پیشہ دہشت گرد نے ان سے ہاتھا پائی شروع کردی اور پھران پر فائرنگ کردی۔جس کے نتیجے میں ایم کیو ایم کے کارکن ظفر مسیح موقع پر جاں بحق ہوگئے جبکہ ان کے بھائی عارف مسیح اور ناصر مسیح شدید زخمی ہوگئے۔بعدازاں عارف مسیح بھی اسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلستان جوہر کے علاقے میں جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کے کارکن ظفر مسیح اوران کے بھائی کاقتل کراچی کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سے کہا کہ وہ دہشت گردوں کی اشتعال انگیز کارروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکن ظفر مسیح اوران کے بھائی عارف مسیح کے بہیمانہ قتل کا فوری نوٹس لیا جائے اور دہرے قتل کی واردات میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ظفر مسیح اور عارف مسیح کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے ناصر مسیح کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیو ایم کے سینئر کارکن اور اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ہمایوں زیدی انتقال کر گئے

کراچی ۔۔۔24، مارچ 2008ء

ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن میر ہمایوں علی زیدی پیر کی شام دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے (انا للہ وانا الیہ راجعون) تفصیلات کے مطابق میر ہمایوں زیدی طویل عرصے سے شوگر کے مرض میں مبتلا تھے اورانکی طبیعت اچانک خراب ہوگئی۔انہیں فوری طور پر عباسی شہید اسپتال لے جایا گیا۔ہمایوں زیدی کی علالت کی اطلاع ملتے ہی ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی اسپتال پہنچ گئے۔اسپتال میں ڈاکٹروں کی جانب سے انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی تھی تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اوراپنے خالق حقیقی سے جاملے۔میر ہمایوں علی زیدی ولد میر واعظ علی زیدی کی عمر 49 سال تھی اور وہ غیر شادی شدہ تھے۔مرحوم کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں رہائش پذیر تھے۔مرحوم 1985ء سے ایم کیو ایم سے وابستہ تھے،ان کا شمار ایم کیو ایم کے سینئر کارکنان میں کیا جاتا تھا اور وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے۔مرحوم مختلف تنظیمی ذمہ داریوں پر فائز رہے اور گزشتہ

سال ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے تنظیمی فرائض انجام دے رہے تھے۔مرحوم کے سوگواران میں بزرگ والدین،ایک بھائی اور ایک بہن شامل ہیں۔

## شادمان ڈگری کالج میں اے پی ایم ایس او کے نہتے کارکنان پر جمعیت کے غنڈوں کا حملہ، دو کارکنان زخمی
## اے پی ایم ایس او کے کارکنان پر حملہ تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے، تنظیم نو کمیٹی

کراچی۔۔۔24مارچ2008ء

شادمان ڈگری کالج میں اے پی ایم ایس او کے دو طلبہ کو جمعیت کے غنڈوں نے ڈنڈوں، لاٹھیوں اور سریوں سے حملہ کر کے زخمی کر دیا۔تفصیلات کے مطابق پیر کے روز شادمان ڈگری کالج میں اے پی ایم ایس او کے طلبہ معمول کی تعلیمی سرگرمیوں مشغول تھے کہ اسلامی جمعیت طلبہ کے ڈنڈوں، لاٹھیوں اور سریوں سے مسلح بیرونی عناصر نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے نہتے کارکنان پر حملہ کر دیا جس کے نتیجے میں اے پی ایم ایس او کے دو کارکنان کو شدید زخمی ہو گئے، زخمی کارکنان کو طبّی امداد کی فراہمی کیلئے فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔دریں اثناء اے پی ایم ایس او کی تنظیم نو کمیٹی نے شادمان ڈگری کالج میں اے پی ایم ایس او کے نہتے کارکنان پر اسلامی جمعیت طلبہ کے بیرونی عناصر کی جانب سے حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی کے تعلیمی اداروں کے پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے کیلئے اسلامی جمعیت طلبہ نے اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے شروع کر دیئے ہیں اور مسلح بیرونی عناصر کی مدد سے اے پی ایم ایس او کے نہتے کارکنان کو تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔تنظیم نو کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور نگراں وزیراعلیٰ سندھ عبدالقادر ہالیپوتہ سمیت اعلیٰ احکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شادمان ڈگری کالج میں اے پی ایم ایس او کے نہتے کارکنان پر جمعیت کے غنڈہ عناصر کے حملے کا نوٹس لیا جائے اور پرتشدد کارروائیوں میں ملوث جمعیت کے بیرونی عناصر کو گرفتار کر کے کراچی کے تعلیمی اداروں کو امن تباہ کرنے عمل بند کروایا جائے۔

☆☆☆☆☆